پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:91 22 2266 0502 فیکس:91 22 22660358

26 ستمبر 2019

## بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35A کے تحت
## پنجاب و مہاراشٹر کوآپریٹیو بینک لمیٹڈ، ممبئی، مہاراشٹر کو ہدایات ۔
## جمع اکاؤنٹس سے رقم نکالنے کی حد میں رعایت

پنجاب اور مہاراشٹر کوآپریٹیو بینک لمیٹڈ، ممبئی اور مہاراشٹر، ''ملٹی اسٹیٹ شہری کوآپریٹیو بینک ہے، اس کو بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 56 جس میں سیکشن 35A کو شامل کرکے پڑھا جائے، ذیلی سیکشن (1) کے تحت حاصل کردہ اختیارات کا استعمال کرنے مجموعی ہدایات 23 ستمبر 2019 کو جاری کرکے کاروبار فوری اثر سے ڈائریکٹر ڈی سی بی ایس، سی او بی ایس ڈی-1/D-1/12.22.183/2019-20 مورخہ 23 ستمبر 2019 کے تحت کاروبار کھاتے داروں کے مفاد میں بند کرنے کیلئے کیا تھا۔ ہدایات کا اجرا اہم مالیاتی بے ضابطگی، بینک کے داخلی کنٹرول کے ناکام ہونے اور آر بی آئی مختلف آف سائٹ رپورٹنگ میں غلطی رکم کرکے پیش کرنے پر ریزرو بینک نے فوری عمل کیا۔ اس لئے بینک کے بورڈ کو بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 36AAA کو سیکشن 56 سے جوڑ کر پڑھا جائے، کے ذیلی سیکشن (1) اور (2) کے تحت حاصل کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ہٹا دیا گیا اور ایک ایڈمنسٹریٹر کی منظوری کی گئی۔ ایڈمسٹریٹر اسی سلسلہ میں مناسب اقدامات کرے گا۔

ابتدائی تخمینہ میں بینک کے حالیہ ڈپازیٹر اور لکوڈیٹی پروفائل کی ایڈمنسٹریٹر کے ذریعہ کی جائے گی۔ آر بی آئی نے طے کیا ہے کہ ڈپازیٹر کے مفادات میں ہدایات کا دوبارہ جائزہ لیا جائے۔ ترمیم شدہ ڈائریکٹیو مورخہ 26 ستمبر 2019 کے مطابق ڈپازیٹروں کو اجازت دی جائے گی کہ وہ روپئے 10.000 (روپئے دس ہزار صرف) تک (بشمول روپئے 1000 جو پہلے نکالے جاچکے ہوں) کا مجموعی بیلنس جو سیونگ بینک اکاؤنٹ یا کرنٹ اکاؤنٹ یا جس کسی نام سے دیگر ڈپازٹ اکاؤنٹ آر بی آئی ڈائریکٹیو مورخہ 23 ستمبر 2019 میں شامل شرائط کے مطابق نکال سکتے ہیں۔ ڈائریکٹیو میں دیگر اصول و شرائط میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ مذکورہ بالا چھوٹی کے ساتھ بینک کے 60% تک کھاتے دار اپنے پورے اکاؤنٹ بیلنس کو نکالنے کے اہل ہوں گے۔

مذکورہ بالا چھوٹ کھاتے داروں کی شکایت کو کم کرنے کے مقصد سے دی گئی ہے۔ ریزرو بینک صورتحال کا نزدیک سے جائزہ لے رہا ہے اور بینک کا کھاتے داروں کے محفوظ مفاد میں مزید ضروری اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔

یوگیش دیال
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز 2019-2020/792